© rasailojaraid.com



الامام المہدی کے بارے میں جو کچھ میں نے تجدید و احیائے دین میں لکھا ہے اس کی مزید توضیح مختلف لوگوں کے استفسار پر ترجمان القرآن کے متعدد نمبروں میں کر چکا ہوں۔ براہِ کرم ان سب توضیحات کو آپ پڑھ لیں۔ ان سے آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ اُن روایات کے بارے میں میری کیا تحقیق ہے جن کی بنا پر علماء نے امام موصوف کے متعلق اتنی تفصیلات مرتب کر دی ہیں۔ میں ان تمام اکابر علماء کا دل سے احترام کرتا ہوں۔ مگر کسی عالم کی ہر بات کو مان لینے کی عادت مجھے کبھی نہیں رہی۔ (ا۔م)

---

# نماز کا مسنون طریقہ

## سوال:

میں پہلے نماز ادا کرنے کی سعادت سے محروم تھا، لیکن الحمدللہ کہ اب نماز ادا کرتا ہوں۔ مجھ کو اس بارے میں بڑی پریشانی درپیش ہے۔ میں جس بستی میں تعلیم پا رہا ہوں، وہاں کے لوگ دیوبندی حنفی ہیں اور میرے گاؤں کے لوگ اہلِ حدیث ہیں۔ اب اگر میں نماز اہلِ حدیث کے طریقے پر ادا کرتا ہوں تو بستی کے لوگ مجھے وہابی کہہ کر پریشان کرتے ہیں اور جب حنفی طریقے پر پڑھتا ہوں تو گاؤں کے لوگ مقلد ہونے کا طعنہ دیتے ہیں۔ چونکہ مجھے آپ پر اعتماد ہے، لہٰذا اس معاملے میں آپ سے رہنمائی چاہتا ہوں۔

سوال یہ ہے کہ آخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو نماز ایک ہی طریقے پر پڑھی ہو گی، پھر مختلف فرقوں کے مختلف طریقوں کا اسلام میں کیا مقام ہے؟ میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کونسا فرقہ آنحضور صلعم کے طریق پر نماز ادا کرتا ہے اور میں کس کے مطابق پڑھوں۔ یہ بھی جاننا چاہتا ہوں کہ خود آپ کس طریق پہ نماز ادا کرتے ہیں۔

علاوہ بریں دیہات میں نمازِ جمعہ ادا کرنا چاہیے یا نہیں؟

## جواب:

اہلِ حدیث، حنفی، مالکی، حنبلی اور شافعی حضرات جن جن طریقوں سے نماز پڑھتے ہیں وہ سب طریقے نبی



© rasailojaraid.com